سوال

(32) بھائی کو قتل کر کے اس کی بیوی سے نکاح کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی شخص نے اپنے بھائی کی بیوی سے محبت پیدا کی پھر بھائی کو اس نیت سے مار ڈالا کہ اس کی عورت سے نکاح کر لے کیا یہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اغاثۃ اللھفان سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ عورت قاتل کے لئے حلال نہیں اور قاتل کے علاوہ حلال ہے اور اسی کو قیاس کے مطابق کہا۔ (اغاثۃ 1/374)

نیز فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نکاح مذکور صحیح ہے، گو قاتل گنہگار اور مرتکب کبیرہ ہوا اور یہ جزئیہ بعینہ صحیح احادیث سے نظر سے نہیں گزرا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ نواب محمد صدیق حسن

صفحہ: 347

محدث فتویٰ